بھارت سے آئے سکھ یاتریوں نے ننکانہ صاحب میں مختلف گوردواروں کی یاترا کی

12اپریل ، 2026

اسلام آباد (رانا غلام قادر) وساکھی میلہ اور 327ویں خالصہ جنم دن کی تقریبات کے سلسلے میں بھارت سے پاکستان آئے سکھ یاتریوں نے اپنے دورے کے دوسرے روز ننکانہ صاحب میں مختلف گوردواروں کی یاترا کی۔ دوسری جانب صوبائی وزیر سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے اور ایڈیشنل سیکرٹری شرائنز متروکہ وقف املاک بورڈ ناصر مشتاق نے ننکانہ صاحب میں گوردوارہ سری کیارہ صاحب کی بحالی و تزئین و آرائش کے منصوبے کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس منصوبے کے تحت 40 کمروں پر مشتمل جدید رہائشی کمپلیکس تعمیر کیا جائے گا، جس سے یاتریوں کو مزید سہولیات میسر آئیں گی۔ ادھر یاتریوں نے گوردوارہ سری کیارہ صاحب، گوردوارہ تمبو صاحب، گوردوارہ بالیاں صاحب، گوردوارہ پٹی صاحب اور گوردوارہ مالجی صاحب میں حاضری دی اور اپنی مذہبی رسومات ادا کیں۔ اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری شرائنز متروکہ وقف املاک بورڈ ناصر مشتاق نے انتظامات کا جائزہ لیا اور یاتریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات پر بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ حکومت پاکستان کی جانب سے 2800 ویزے جاری کیے گئے جن میں سے 600 سکھوں کو پاکستان آنے کی اجازت نہ ملی۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ پاکستان نے ہمیشہ دنیا بھر کے سکھوں کے لیے اپنے دروازے کھلے رکھے ہیں اور کبھی بھی کسی کو مذہبی رسومات کی ادائیگی سے نہیں روکا گیا۔